
www.understnadquran.com

# سبق-12: فعل مضارع: يَفْعَلُ، يَجْعَلُ، يَفْتَحُ

**گرامر:** فعلِ مضارع میں حال اور مستقبل دونوں زمانے شامل ہوتے ہیں۔
اس سبق میں ہم فعل مضارع کے دیے گئے چھ صیغوں کی TPI کے ذریعہ پریکٹس کریں گے۔

فعل مضارع کی TPI کے ساتھ پریکٹس کیجیے جیسا آپ نے فعل ماضی کے وقت کیا تھا؛ البتہ یہ فرق ملحوظ رکھا جائے کہ فعل مضارع کی پریکٹس کرتے وقت ہاتھ کے اشارے آنکھ کی سطح پر ہوں اور آواز اونچی ہو (فعل ماضی کی پریکٹس کرتے وقت ہاتھ کے اشارے سینے کی سطح پر ہوں اور آواز دھیمی ہو)۔

| فعل ماضی | فعل مضارع (ف ع ل) | |
|---|---|---|
| فَعَلَ | يَفْعَلُ | وہ کرتا ہے یا کرے گا |
| فَعَلُوْا | يَفْعَلُوْنَ | وہ سب کرتے ہیں یا کریں گے |
| فَعَلْتَ | تَفْعَلُ | آپ کرتے ہیں یا کریں گے |
| فَعَلْتُ | أَفْعَلُ | میں کرتا ہوں یا کروں گا |
| فَعَلْتُمْ | تَفْعَلُوْنَ | آپ سب کرتے ہیں یا کریں گے |
| فَعَلْنَا | نَفْعَلُ | ہم سب کرتے ہیں یا کریں گے |



يَ تَ أَ نَ

***(عربی بول چال)***

هَلْ يَفْعَلُ؟ — نَعَمْ، يَفْعَلُ.
هَلْ يَفْعَلُوْنَ؟ — نَعَمْ، يَفْعَلُوْنَ.
هَلْ تَفْعَلُ؟ — نَعَمْ، أَفْعَلُ.
هَلْ تَفْعَلُوْنَ؟ — نَعَمْ، نَفْعَلُ.

فعل مضارع کے صیغوں کی خاصیت: فعل ماضی کے برخلاف فعل مضارع کے صیغوں میں اہم تبدیلی سامنے کے الفاظ میں ہوتی ہے (سوائے اختتامی کلمات ـون، ـان، ـن کے)۔ اگر آپ راستے کے بیچ میں کھڑے ہوں تو آنے والی کار یا ٹرک یا سائیکل کا صرف سامنے کا حصہ نظر آئے گا۔ اس طرح کے سامنے آنے والے مختلف حروف (يَ، تَ، أَ، نَ) کو آنے والے یعنی اترتے ہوئے (گویا حاضر یا مستقبل) جہاز کی نوک پر بتایا گیا ہے، یہ دونوں تصویریں نئے سیکھنے والوں کے ذہن میں اس بات کو بٹھانے کے لیے دکھائی گئی ہیں کہ فعلِ ماضی کے صیغوں کی دُم بدلتی رہتی ہے اور فعل مضارع کے صیغوں کا منہ۔

## فعلِ مضارع کو یاد رکھنے کے لیے کچھ نکات:

- يَفْعَلُ کا معنی ہوگا: وہ کرتا ہے یا وہ کرے گا۔ بات چیت کے دوران اس لفظ کا استعمال خود بتادے گا کہ کیا مطلب ہے!
- اپنے ذہن میں یاسر کو اپنے دائیں جانب بٹھایئے جو ایک اچھا کام کر رہا ہے مثلاً قرآن پڑھ رہا ہے، اب یاسر کی یاء کو یاد رکھیے یعنی یاسر يَفْعَلُ۔ یاسر کی جمع یاسرون! یاسرون يَفْعَلُوْنَ۔
- اسی طرح سامنے توفیق صاحب کو رکھیے جو اچھا کام کر رہے ہیں، مثلاً قرآن پڑھ رہے ہیں اس لیے توفیق کے تاء سے تَفْعَلُ، أَنَا کے "أ" سے أَفْعَلُ۔
- کئی توفیق (توفیقون) ہوں تو تَفْعَلُوْنَ۔ توفیقون تَفْعَلُوْنَ۔ اور نَحْنُ کے نون سے نَفْعَلُ۔ یاد رکھیے کہ یہ نَفْعَلُوْنَ نہیں اس لیے کہ نَفْعَلُوْنَ کہیں گے تو بہت سارے نون ہو جائیں گے۔

www.understnadquran.com

| فعل ماضِ | فعل مضارع (ف ت ح) | |
|---|---|---|
| فَتَحَ | يَفْتَحُ | وہ کھولتا ہے یا کھولے گا |
| فَتَحُوْا | يَفْتَحُوْنَ | وہ سب کھولتے ہیں یا کھولیں گے |
| فَتَحْتَ | تَفْتَحُ | آپ کھولتے ہیں یا کھولیں گے |
| فَتَحْتُ | أَفْتَحُ | میں کھولتا ہوں یا کھولوں گا |
| فَتَحْتُمْ | تَفْتَحُوْنَ | آپ سب کھولتے ہیں یا کھولیں گے |
| فَتَحْنَا | نَفْتَحُ | ہم سب کھولتے ہیں یا کھولیں گے |

*** (عربی بول چال) ***

آپ کتاب کھول رہے ہیں یا کھولیں گے، یہ بات ذہن میں رکھتے ہوئے جواب دیں۔

هَلْ يَفْتَحُ؟ نَعَمْ، يَفْتَحُ.

هَلْ يَفْتَحُوْنَ؟ نَعَمْ، يَفْتَحُوْنَ.

هَلْ تَفْتَحُ؟ نَعَمْ، أَفْتَحُ.

هَلْ تَفْتَحُوْنَ؟ نَعَمْ، نَفْتَحُ.

بالکل فَتَحَ يَفْتَحُ ہی کی طرح جَعَلَ يَجْعَلُ (وہ بناتا ہے یا بنائے گا) کے صیغے ہیں، ان کو ہوم ورک کے طور پر کیجیے۔

يَجْعَلُ يَجْعَلُوْنَ تَجْعَلُ أَجْعَلُ تَجْعَلُوْنَ نَجْعَلُ